سوال

کیا عید کے دن گلے ملنا جائز ہے؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

عید کی مبارکباد دینا جائز ہے، اور مبارکباد دینے کے کوئی الفاظ مخصوص نہیں ہیں، بلکہ عام طور پر لوگ جن الفاظ کے ساتھ مبارکباد دیتے ہوں وہ الفاظ کہنا درست ہے، بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دیا کرتے تھے اور یہ الفاظ کہتے : **تقبل اللہ منا و منکم**

اسی طرح نماز عید کے بعد ایک دوسرے کو سلام کرنے اور گلے ملنے میں بھی کوئی حرج نہیں، کیونکہ لوگ اسے بطور عبادت اور اللہ تعالی کا قرب سمجھ کر نہیں کرتے، بلکہ بطور عادت اور عزت و تکریم کے لیے کرتے ہیں۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی